© rasailojaraid.com



کون ؟" کے عنوان سے ایک گمراہ کن پمفلٹ پر جو ناقدانہ قلم اٹھایا ہے، آپ کے طرزِ تحریر نے بہت متاثر کیا ہے ـــ شوخیٔ تحریر نے جہاں بار بار مسکرانے پر مجبور کیا ہے، وہاں جا بجا ورطۂ حیرت میں ڈوبنا بھی پڑا ہے کہ ان لوگوں نے دین کو کیا سے کیا بنا دیا اور اس پر کس قدر ستم توڑے ہیں؟ ـــ بہر حال اگر کوئی بریلوی مذہب کا حامل آپ کی یہ تحریر پڑھے گا تو وہ بریلویت سے توبہ کر جائے اور توحید و سنّت کی آغوش میں آجائے ـــ واللہ الموفق!

ـــ والسلام! (حکیم محمد انور بھٹہ صدر تحریک تجدید طب گجرات شہر)

ساجد صاحب ـــ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

بڑی خوشی ہوئی کہ آپ نے ماہنامہ "حرمین" کی ادارت کا فریضہ سنبھالا ہے، اس انتخاب نیز "حرمین" کے اجراء پر محترم علامہ محمد مدنی مبارکباد کے مستحق ہیں ـــ دعا ہے، اللہ تعالیٰ انھیں اس کا اجرِ جزیل عطا فرمائے، آمین!

گمراہ کن پمفلٹ پر، بعنوان "اہلِ سنت کون؟" آپ کی جاندار تنقید و تحقیق مزید مسرت و شادمانی کا باعث بنی ـــ زادک اللہ علماً وعملاً! ـــ آپ کے دلائل گویا وہ بارود ہے، جس نے پھٹ کر شرک و بدعت کی عمارت کو ملبے کا ڈھیر بنا دیا ہے ـــ چاہتا ہوں کہ میرے یہ چند الفاظ "حرمین" میں شائع کر دیں، تاکہ کسی صاحبِ خیر کے دل میں اس مضمون کو پمفلٹ کی صورت میں شائع کر کے فری تقسیم کا شوق پیدا ہو۔ اگر ایسا ہو جائے تو ان شاء اللہ بہت سے گم کردہ راہ لوگوں کو راہنمائی ملے گی ـــ والسلام!

(پروفیسر غلام نبی عارف، گورنمنٹ کالج باغبانپورہ لاہور)

محترم ساجد صاحب ـــ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

"حرمین" موصول ہو رہا ہے، آپ جس انداز سے اسے ترتیب دے رہے ہیں، اس پر مبارکباد کے مستحق ہیں۔ ان شاء اللہ العزیز حضرت مولانا محمد مدنی زید مجدہٗ کی زیرِ سرپرستی "حرمین" کا مستقبل روشن ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے توفیق بخشی تو یکے بعد دیگرے نئے سے نیا مضمون اشاعت کے لیے روانہ کرتا رہوں گا ـــ والسلام!

(عبد الرشید عراقی، سوہدرہ ضلع گوجرانوالہ)

© rasailojaraid.com